قادیانیوں کے کفر کی پانچویں وجہ

# حضرت عیسی علیہ السلام
# کے رفع ونزول کا انکار

انٹرنیشنل ختمِ نبوّت موومنٹ

## حضرت عیسی علیہ السلام کے رفع و نزول کا انکار

(1)۔یہ کہنا کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت نہیں ہوئے شرک عظیم ہے جو نیکیوں کو کھا جانے والی چیز ہے اور عمل کے خلاف ہے۔
(دیکھیئے ضمیمہ حقیقت الوحی ص 39 ، روحانی خزائن جلد 22 ص 660)

(2)۔بعد اس کے مسیح اُس زمین سے پوشیدہ طور پر بھاگ کر کشمیر کی طرف آ گیا اور وہیں فوت ہوا اور تم سن چکے ہو کہ سری نگر محلہ خان یار میں اس کی قبر ہے۔
(کشتی نوح ص 54-53 روحانی خزائن جلد 19 ص 57-58)

(3)۔جب تک مجھے خدا نے اس طرف توجہ نہ دی اور بار بار نہ سمجھایا کہ تو مسیح موعود ہے اور عیسی فوت ہو گیا ہے تب تک میں اس عقیدہ پر قائم تھا جو تم لوگوں کا عقیدہ ہے۔ اسی وجہ سے کمال سادگی سے میں نے حضرت مسیح کے دوبارہ آنے کی نسبت براہین میں لکھا ہے جب خدا نے مجھ پر اصل حقیقت کھول دی تو میں اس عقیدہ سے باز آ گیا ۔
(اعجاز احمدی ص 6 روحانی خزائن جلد 19ص 113)

(4)۔حضرت عیسی علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں اور ان کا زندہ آسمان پر مع جسم عنصری جانا اور اب تک زندہ ہونا اور پھر کسی وقت مع جسم عنصری زمین پر آنا یہ سب ان پر تہمتیں ہیں (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص 230 ، روحانی خزائن جلد 21 ص406)